# کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد چھاؤنی

## نوٹس نیلامی برائے عارضی کیبنز (لیڈی گارڈن) (نزد علامہ اقبال روڈ)

## کاروباری حضرات کے لیے سنہری موقع

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ پبلک پارک (لیڈی گارڈن) (نزد علامہ اقبال روڈ) پر کیبن عرصہ پانچ سال کے لیے ماہانہ کرایہ پر دینے کے لیے نیلامی منعقد کر رہا ہے۔ نیلامی 27/08/2026 دن گیارہ بجے دفتر کینٹ بورڈ نزد CMH میں منعقد ہوگی۔ فوڈ کیبنز کے قیام کیلیے دلچسپی رکھنے والے سرمایہ کاروں، کاروباری حضرات اور فوڈ بزنس آپریٹرز بولی میں حصہ لے کر سنہری مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ اگر کسی وجہ سے بولی منسوخ ہوگئی تو دوبارہ بولی بتاریخ 28/08/2026 جبکہ سہ بارہ نیلامی/بولی مورخہ 31/08/2026 کو ہوگی۔

| نمبر شمار | تفصیل | زرضمانت |
|---|---|---|
| 1 | 16 عدد کیبن واقع (لیڈی گارڈن) (نزد علامہ اقبال روڈ)، ایبٹ آباد | مبلغ-/1000,000 روپے بشکل کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ |

## شرائط نیلامی

1 کامیاب بولی دہندہ کینٹونمنٹ بورڈ سے منظور شدہ ڈیزائن، لے آؤٹ پلان اور معیار کے مطابق فوڈ کیبنز اپنے خرچے پر تعمیر کرنے کا پابند ہوگا تعمیراتی کام کی تکمیل مقررہ مدت کے اندر لازمی ہوں۔

2 فوڈ اسٹریٹ کے تمام عارضی فوڈ کیبنز کی تعمیر، تزئین و آرائش اور آپریشنل انتظامات متعلقہ قوانین، قواعد و ضوابط اور کینٹونمنٹ بورڈ کی ہدایت کے مطابق انجام دیے جائیں گے۔ کامیاب بولی دہندہ تمام سول ورکس جس میں باونڈری وال (fencing)، لائٹنگ، بیٹھنے کی جگہ (Gazebo)، جمالیاتی بہتری (Aesthetics)، لینڈ اسکیپنگ اور دیگر متعلقہ سہولیات دیے گئے نقشے کے مطابق اپنے خرچے پر فراہم کرے گا تاکہ فوڈ اسٹریٹ کی مجموعی خوبصورتی اور معیار برقرار رہے۔

3 ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

4 ہر بولی دہندہ قبل از نیلامی مبلغ-/1000,000 (دس لاکھ روپے) بشکل کال ڈیپازٹ بطور زرضمانت بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ ہمراہ مصدقہ نقل قومی شناختی کارڈ جمع کروائے گا بصورت دیگر بولی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔ اختتام بولی پر زرضمانت / کال ڈیپازٹ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ سب کو واپس کر دیئے جائیں گے۔

5 کیبنز کی صرف ماہانہ کرایہ کی بولی ہوگی اور کرایہ داری کی مدت پانچ سال ہوگی جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ کرایہ داری کے پانچ سال میعاد ختم ہونے کے بعد کینٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ مذکورہ کیبن کو دوبارہ نیلام کرنے یا کرایہ داری کے میعاد میں مزید پانچ سال کیلیے بورڈ کی منظوری سے اضافہ کرے۔ کرایہ داری کی میعاد میں پانچ پانچ سال کی دو میعاد سے زیادہ کسی صورت اضافہ نہیں کیا جائے گا (15 سال کے بعد کیبن کی ہر صورت دوبارہ نیلامی ہوگی)۔

6 کیبنز کو بورڈ کی منظوری سے ٹرانسفر کیا جاسکتا ہے جس پر ٹرانسفر فیس لاگو ہوگی۔

7 کامیاب بولی دہندہ تین ماہ کے کرایہ کے برابر رقم بطور ضمانت دفتر ہذا میں جمع کرائیگا۔

8 کامیاب بولی دہندہ / کرایہ دار کیبن کا ایک سال کا کرایہ ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

9 کرایہ دار کو کیبنز میں کاروبار شروع کرنے سے قبل مجوزہ کاروبار کی پیشگی اجازت لینا ہوگی۔ کینٹونمنٹ بورڈ کو کسی بھی وقت معائنہ کرنے اور ضروری ہدایات جاری کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہوگا جن پر عملدرآمد لازمی ہوگا۔

10 الاٹ شدہ فوڈ کیبنز صرف منظور شدہ مقصد (فوڈ اینڈ بیوریج سروسز) کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

11 محکمہ صحت، ماحولیات، لیبر قوانین اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطلوب اجازت نامے حاصل کرنا اور ان کی تجدید کروانا مکمل طور پر کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

12 تمام شرائط کی تکمیل اور معاہدہ پر دستخط کے سیکیورٹی کے بعد قواعد کے مطابق ایڈجسٹ یا واپس کی جائے گی۔ کامیاب بولی دہندہ کی جانب سے معاہدہ مکمل نہ کرنے، مقررہ وقت مدت میں ادائیگی نہ کرنے پر ضبط کر لی جائے گی۔

13 کامیاب بولی دہندہ کو صرف حقوق کرایہ داری حاصل ہوگا۔ اسے زمین، عمارت یا جائیداد پر کسی قسم کا مالکانہ، مستقل قبضہ یا موروثی حق حاصل نہ ہوگا۔

14 عوامی مفاد، سیکورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، ماحولیاتی وجوہات، انتظامی ضروریات، ترقیاتی منصوبوں یا حکومتی پالسی کی تبدیلی کی صورت میں کینٹونمنٹ بورڈ کسی بھی وقت الاٹمنٹ یا لائسنس کو معطل منسوخ یا منسوخ کرسکتا ہے۔

15 کسی بھی وجہ سے الاٹمنٹ یا کاروبار کے خاتمے، معطلی یا منسوخی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کا معاوضہ، ہرجانہ، منافع کے نقصان، سرمایہ کاری کے نقصان یا متبادل جگہ کے دعویٰ کا مجاز نہیں ہوگا۔

16 قدرتی آفات، وبائی امراض، عدالتی احکامات، حکومتی پابندیوں، سیکورٹی خدشات یا کسی بھی ناگزیر صورتحال میں کینٹونمنٹ بورڈ پر کوئی مالی یا قانونی ذمہ داری عائد نہیں ہوگی۔

17 کامیاب بولی دہندہ کی جانب سے فراہم کردہ کسی بھی غلط، نامکمل گمراہ کن معلومات کی صورت میں الاٹمیٹ کسی بھی مرحلے میں منسوخ کی جاسکتی ہے۔

18 کامیاب بولی دہندہ بولی جمع کروانے سے قبل مقام، سہولیات اور زمینی حقائق کا خود جائزہ لینے کے ذمہ دار ہونگے۔ بعد از اں کسی غلط فہمی یا لاعلمی کا دعوی قبل قبول نہیں ہوگا۔

CS CamScanner

19 کینٹین کی حقوق ،کرایہ داری منتقلی یا کسی تیسرے فریق کے سپرد کرنا کینٹونمنٹ بورڈ کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر ممنوع ہوگا۔

20 کامیاب بولی دہندہ بولی کی حتمی منظوری کے پندرہ دن کے اندر اندر کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد سے کرایہ داری کا تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔کامیاب بولی دہندہ مقررہ اوقات کار [illegible] کی جانب سے جاری کردہ آپریشنل ہدایت کی پابندی کا پابند ہوگا۔

21 کامیاب بولی دہندہ فوڈ سیفٹی،صفائی ستھرائی،ماحولیاتی تحفظ اور عوامی صحت سے متعلق تمام قوانین اور قواعد کی پابندی کرے گا۔فوڈ کینٹینز میں کسی بھی غیر قانونی،غیر اخلاقی یا عوامی مفاد کے منافی سرگرمی کی اجازت نہیں ہوگی۔

22 کامیاب بولی دہندہ / کرایہ دار پانی بجلی ،ٹرانسفارمر / میٹر وغیرہ،سوئی گیس،ٹیلی فون،سیکیورٹی،ویسٹ مینجمنٹ اور یوٹیلٹی اخراجات وغیرہ کی تنصیب کے اخراجات اور ان کے ماہانہ بلوں کی ادائیگی خود کرے گا۔

23 نیلام عام پاکستان کے کینٹونمنٹ پراپرٹی رولز 1957 اور وقتاً فوقتاً جو ترامیم ہوں اس کے تحت ہوں گے۔

24 کسی تنازعہ کی صورت میں معاملہ برائے ثالثی ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس راولپنڈی کو بھجوایا جائے گا۔جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور بولی دہندہ کسی عدالت میں چیلنج کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

25 انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا۔

26 زیر دستخطی/مجاز اتھارٹی کو بیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور / مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

27 مزید شرائط دورانِ اوقات کار دفتر ہذا سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

28 اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
ایبٹ آباد چھاؤنی

31/1/26